کوئٹہ(خ ن) پی ڈی ایم اے بلوچستان نے 16اپریل کی رات سے بلوچستان کے اکثر علاقوں میں گرج و چمک کے ساتھ بارشوں کے ایک نئے سلسلے کی پیشن گوئی کی ہے اور عوام کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کا مشورہ دیا ہے، پی ڈی ایم حکام کے مطابق بلوچستان میں گرج و چمک کے بارشوں کا ایک نیا سلسلہ آج رات سے شروع ہوگا اور 16 اپریل رات سے 19اپریل 2024 تک مختلف اضلاع میں بارشیں ہوں گی جس میں گوادر کیچ پنجگور لسبیلہ حب خضدار سوراب قلات آواران خاران و اشک مستونگ نصیر آباد نوشکی چاغی کوئٹہ پشین ہرنائی لورالائی قلعہ سیف اللہ شیرانی ژوب زیارت دکی کوہلو ڈیرہ بگٹی سی جھل مگسی اور ملحقہ علاقے شامل ہیں پی ڈی ایم اے نے عوام کو مشورہ دیا ہے کہ خستہ و کمزور مکانات میں رہائش نہ کی جائے، چھوٹے بچوں، بزرگ و معذور افراد کا خاص خیال رکھا جائے، ڈرائیور حضرات حد رفتار انتہائی کم رکھیں اور فوگ لائٹوں کا استعمال کریں تیز بارش کے دوران کسی محفوظ جگہ پر رک جائیں عوام تیز بارش و ژالہ باری سے سولر پلیٹوں کو محفوظ رکھیں پہاڑی ندی نالوں، آبی گزرگاہوں میں سفر و رہائش سے اجتناب کیا جائے، گہرے پانی یا ڈیموں کے قریب جانے سے گریز کیا جائے دوران گرج چمک و بارش موبائل فون استعمال کے استعمال سے اجتناب کریں اور لوہے کی اشیاء اور درختوں کے قریب نہ جایا جائے بارشوں کے دوران زمیندار حضرات اپنی فصلات و حفاظتی بندات کی نگرانی و مضبوطی کے لیے اقدامات کریں بارش کے دوران بجلی کے کھمبوں برقی آلات کے قریب نہ جائیں دوران بارش و سیلاب سڑکوں پر سیلابی پانی کو گاڑی و موٹر سائیکل پر جلد بازی میں عبور نہ کریں جس سے نقصان کا اندیشہ ہو غیر ضروری سفر سے گریز کریں، قریبی پانی کے راستوں و نالیوں کو صاف رکھنے کی کوشش کریں تاکہ دوران بارش پانی گزر جائے مال دار حضرات مال مویشیوں کو سیلاب و گرج چمک سے بچانے کے لیے محفوظ چھتوں کا بندوبست کریں اور ان کو کھلے میدانوں میں باندھیں کسی بھی ہنگامی صورتحال میں پی ڈی ایم اے کے ایمرجنسی کنٹرول روم سے رابطہ کیا جائے، ترجمان صوبائی حکومت شاہد رند نے کہا ہے کہ متوقع بارشوں کے پیش متعلقہ محکموں کو حفاظتی اقدامات اٹھانے کی ہدایت جاری کردی گئی ہیں اور وزیر اعلی بلوچستان نے تمام کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کو صورتحال پر نظر رکھنے کی ہدایت کی ہے حکومتی اقدامات کے ساتھ ساتھ عوام احتیاطی تدابیر پر عمل کریں تاکہ کسی بھی قسم کے نقصان سے بچا جاسکے۔

## ہرنائی کا زمینی اور ریلوے رابطہ بحال نہ ہوسکا

ہرنائی (نامہ نگار) ہرنائی و گردونواح میں بارشوں کا سلسلہ رک گیا تاہم ہرنائی کا زمینی رابطہ چوتھے روز بھی بحال نہ ہوسکا جبکہ ہرنائی سبی ریلوے سیکشن پر ٹرین سروس دوسرے روز بھی معطل رہی ہرنائی و گردونواح میں بارشوں سے ہرنائی کوئٹہ اور ہرنائی پنجاب شاہراہ اور ریلوے ٹریک کو شدید نقصان پہنچا ہے رابطہ منقطع ہونے سے لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔

## میرانی ڈیم میں پانی کی سطح 246فٹ تک پہنچ گئی سپل وے سے اخراج شروع

کوئٹہ (این این آئی) پی ڈی ایم اے رپورٹ کے مطابق حالیہ بارشوں کے بعد میرانی ڈیم کیچ میں پانی کی سطح 246.65فٹ بلند ہونے کے بعد سپل وے سے اضافی پانی کا اخراج جاری ہے جبکہ شادی کور ڈیم گوادر میں پانی کی سطح 57 فٹ ہے ڈیم میں پانی ذخیرہ کرنے کی گنجائش 82فٹ ہے آکاڑہ ڈیم میں پانی کی سطح 55فٹ ہے جبکہ پانی ذخیرہ کرنے کی گنجائش 69فٹ ہے، سوڑ ڈیم میں پانی کی سطح 30فٹ ہے ڈیم میں پانی کی گنجائش 35فٹ ہے۔

## لیویز کے جوان ہمارا قیمتی سرمایہ ہیں، نصیب اللہ کاکڑ

**ڈی جی لیویز اور ڈی سی قلات کا ٹراما سینٹر کوئٹہ کا دورہ، زخمیوں اہلکاروں کی عیادت کی**

قلات (نامہ نگار) ڈائریکٹر جنرل بلوچستان لیویز نصیب اللہ کاکڑ، ڈپٹی کمشنر قلات حافظ محمد قاسم کاکڑ، ایس ایچ او لیویز تھانہ قلات رسالدار جان محمد لانگو نے ٹراما سینٹر کوئٹہ کا دورہ کیا جہاں انہوں نے زخمی لیویز اہلکاروں ذوالفقار علی عمرانی اور حاجی عبدالطیف مینگل کی عیادت کی۔ اس موقع پر ڈی جی لیویز اور ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ لیویز کے جوان ہمارا قیمتی سرمایہ ہیں، اپنی جان پر کھیل کر شر پسندوں و جرائم پیشہ عناصر کا مقابلہ کر کے فرض شناسی کا ثبوت دیا، ہم اپنے جوانوں کے ساتھ ہمیشہ کھڑے رہیں گے۔

## قومی شاہراہوں پر سیکورٹی اولین ترجیح ہے، آئی جی پولیس

**مسافروں کے تحفظ میں کوئی غفلت برداشت نہیں کرینگے، نوشکی میں گفتگو**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ نے کہا ہے کہ قومی شاہراہوں پر سفر کرنے والے مسافروں کی سیکورٹی اولین ترجیحات ہیں نوشکی واقعہ انتہائی افسوس ہے جس کی جتنی بھی کم ہے صوبے سے ڈاکوؤں، شر پسند، دہشت گرد عناصر کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کا عزم کر رکھا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے نوشکی میں مزدوروں کے قتل کے جائے وقوعہ کے دورہ کے موقع پر گفتگو میں کیا اس موقع پر ڈی آئی جی رخشان رینج وزیر خان ناصر، ڈی آئی جی سی ٹی ڈی اعتزاز احمد گواریا، اے آئی جی آپریشنز محمد بلوچ، ڈی پی او نوشکی اللہ بخش ودیگر حکام بھی موجود تھے ڈی آئی جی رخشان نوشکی واقعہ سے متعلق بریفنگ دی جس پر آئی جی نے کہا کہ مسافروں کی سیکورٹی میں کسی قسم کی کوتاہی اور غفلت برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے ہدایت کی کہ روٹس کے داخلی و خارجی راستوں پر تعینات پولیس اہلکار انتہائی الرٹ رہیں، چیکنگ یقینی بنائیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 17 APR 2024 Page No. 17


## تنخواہوں کی عدم ادائیگی کیخلاف مظاہرہ

## وزیراعلیٰ جامعہ کیلئے بیل آؤٹ پیکج جاری کریں

## جوائنٹ ایکشن کمیٹی جامعہ بلوچستان

جامعہ بلوچستان کے اساتذہ کرام اور ملازمین اپنے بنیادی اور آئینی حق تنخواہوں اور پنشنز کیلئے جامعہ کے مین گیٹ پر احتجاجی مظاہرہ کر رہے ہیں لیکن ابھی تک تنخواہوں و پینشنز کی ادائیگی نہیں کی گئی، شاہ علی بگٹی

وزیراعلیٰ اپنے وعدے کی پاسداری کرتے ہوئے فوری طور پر جامعہ بلوچستان کی گذشتہ چار مہینوں کی تنخواہوں اور پنشنز کیلئے فنڈز جاری کریں، ڈاکٹر کلیم اللہ بڑیچ، محمد بچل ودیگر کا مظاہرے سے خطاب

کوئٹہ (اے این این) جوائنٹ ایکشن کمیٹی جامعہ بلوچستان کے زیراہتمام گزشتہ چار مہینوں کی تنخواہوں اور پنشنز وریسرچ سینٹرز کے اساتذہ اور ملازمین کو سالانہ بجٹ میں اعلان شدہ 35 فیصد اور منظور شدہ الاونسز کی عدم ادائیگی کے خلاف 37 ویں روز بھی جامعہ بلوچستان کے مین گیٹ کے سامنے احتجاجی دھرنا شاہ علی بگٹی صدر بلوچستان یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن کی صدارت میں ہوا احتجاجی دھرنے سے شاہ علی بگٹی، پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ بڑیچ، گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن (آئینی) کے محمد بچل، لیپکا سی اینڈ ڈبلیو کے صدر بابو لاشاری، فرید خان اچکزئی، نعمت اللہ کاکڑ، پروفیسر ڈاکٹر شبیر احمد شاہوانی، حافظ نصر اللہ اور حافظ عبدالقیوم شاہوانی نے خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ 37 ویں روز کو بھی جامعہ بلوچستان کے اساتذہ کرام اور ملازمین اپنے بنیادی اور آئینی حق تنخواہوں اور پنشنز کیلئے جامعہ کے مین گیٹ پر احتجاجی مظاہرہ کر رہے ہیں لیکن ابھی تک تنخواہوں و پینشنز کی ادائیگی نہیں کی گئی ہیں۔ مقررین نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان اپنے وعدے کی پاسداری کرتے ہوئے فوری طور پر جامعہ بلوچستان کی گذشتہ چار مہینوں کی تنخواہوں اور پنشنز کیلئے فنڈز جاری کرے اور اس بات پر تشویش کا اظہار کیا کہ صوبائی فنانس ڈیپارٹمنٹ میں عرصہ دراز سے ایک پرائیویٹ کنسلٹنٹ جہانگیر نامی شخص جو صوبائی حکومت اور فنانس ڈیپارٹمنٹ کے اعلیٰ حکام کو یونیورسٹی کے مالی بحران پر غلط اعداد و شمار ظاہر کر کے جامعہ بلوچستان کے لئے بیل آوٹ پیکج میں رکاوٹ بن رہا ہے جو کہ ایک قابل مذمت اقدام ہے اور جوائنٹ ایکشن کمیٹی جامعہ بلوچستان وزیراعلیٰ بلوچستان سے اس بابت نوٹس لینے کی اپیل کرتا ہے تا کہ جامعہ بلوچستان کے لئے بیل آوٹ پیکج کا اجراء ممکن ہو سکے۔ دریں اثناء ممبر گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن آئینی کے محمد بچل اور لیپکا سی اینڈ ڈبلیو کے صدر بابو لاشاری نے وفد کے ہمراہ احتجاجی کیمپ میں اظہار یکجہتی کیلئے شرکت کی اور اپنے تعاون کا یقین دہانی کرائی۔ مقررین نے اعلان کیا کہ بدھ کے روز بھی جامعہ بلوچستان کے اساتذہ کرام، آفیسرز اور ملازمین جامعہ بلوچستان کے مین گیٹ سریاب روڈ پر احتجاجی کیمپ میں دھرنا دیگی اور جامعہ بلوچستان سے اڈہ چوک تک ریلی اور احتجاج کریگی جس میں جامعہ کیا ساتذہ کرام، آفیسرز اور ملازمین بھرا انداز میں شرکت کریں گے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 17 APR 2021 Page No. 18


# بلوچستان کے امن اور سماجی و اقتصادی ترقی میں پاک فوج کا اہم کردار

**مشکلات کے باوجود پاک فوج کی بیداری مہم ،عوام کو مرکزی دھارے میں لانے کیلئے حوصلہ افزائی کی گئی**

**مہم کے نتیجے میں عسکریت پسندی میں ملوث افراد نے ہتھیار ڈال دیئے ،دوبارہ قومی دھارے میں شامل ہونا شروع**

**صوبے کی ترقی کیلئے متعدد منصوبوں کا آغاز، سی پیک کو سبوتاژ کرنے کیلئے دشمنوں کے تمام مذموم عزائم کو ناکام بنایا**

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) بلوچستان کی سماجی و اقتصادی ترقی میں پاک فوج کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے، بلوچ عوام کے دل پاکستان کیساتھ دھڑکتے ہیں اور پاکستان کی ترقی بلوچستان کی ترقی سے جڑی ہے، پاک فوج ،حکومت بلوچستان نے صوبے میں امن واستحکام کی بحالی کیلئے اہم کردار ادا کیا، پاک فوج نہ صرف صوبے میں بحالی امن کیلئے کوشاں ہے بلکہ تعلیم، ......... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

صحت سمیت سماجی ،اقتصادی ترقی کیلئے بھی مصروف عمل ہے، بلوچستان کی سلامتی کیلئے مشکلات کے باوجود پاک فوج نے مقامی عوام میں بیداری مہم چلائی، آگاہی مہم کے بعد عوام کو مرکزی دھارے میں لانے کیلئے حوصلہ افزائی کی گئی، مہم کے نتیجے میں عسکریت پسندی میں ملوث افراد نے ہتھیار ڈال دیئے اور عام زندگی گزارنے کیلئے دوبارہ قومی دھارے میں شامل ہونا شروع کر دیا، مسلح افواج نے بلوچستان کی ترقی کیلئے متعدد منصوبے شروع کیے، بلوچوں کی خوشحال و با مقصد زندگی گزارنے کی صلاحیت کو فروغ دیا، منصوبوں میں ڈی سیلینیشن پلانٹس، کیڈٹ کالجز، ہسپتال و تعلیمی اداروں کا قیام شامل ہے

# سپیکر بلوچستان اسمبلی کی کامیابی معطل، 21 اپریل کو دوبارہ پولنگ

**ری پول کے بعد صوبائی اسمبلی کے حلقہ پی بی 51 کا نوٹیفکیشن جاری ہوگا، الیکشن کمیشن**

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) الیکشن کمیشن نے سپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق خان کی عام انتخابات میں کامیابی کا نوٹیفکیشن معطل کرتے ہوئے 21 اپریل کو دوبارہ پولنگ کا اعلان کر دیا، صوبائی اسمبلی کے حلقہ پی بی 51 چمن سے عبدالخالق خان کی کامیابی کا نوٹی......... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

فکیشن معطل کیا گیا، الیکشن کمیشن کے مطابق پی بی 51 چمن کے 12 پولنگ سٹیشنز پر پولنگ 21 اپریل کو ہوگی اور ری پول کے بعد پی بی 51 کا نوٹیفکیشن جاری ہوگا۔

# چاغی ،طوفانی بارش 11 سو سے زائد مکانات منہدم

**3 سو سے زائد مال مویشی سیلاب کے نذر متعدد گاڑیاں سیلابی ریلے میں بہہ گئے**

چاغی (آن لائن) چاغی میں طوفانی بارش سے ابتک کے سروے کے مطابق 11 سو سے زائد مکانات منہدم 3 سو سے زائد مال مویشی سیلاب کے نذر متعدد گاڑیاں سیلابی ریلے میں بہہ گئے گرڈ اسٹیشن پانی سے بھر گیا امدادی سرگرمیاں دوسرے روز بھی جاری متاثرین امداد کے منتظر تفصیلات کے مطابق ضلع چاغی کے تحصیل چاگئے اور سرحدی علاقوں میں ......... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

طوفانی بارش نے لوگوں کے کچے مکانات مال مویشی تمام ضروری اشیاء کو تہس نہس کر رکھ دیا متعدد پکی سڑکوں کو سیلابی ریلے نے بہہ کر لے گیا ہے جسکا وجود ہی نہیں رہا ہے متاثرین کا کہنا ہے حکومت کی جانب سے بھیجی گئی امداد اونٹ کے منہ میں زیرے کے برابر ہے مزید امداد کی ضرورت ہیں ہمارے گھر مکمل طور پر تباہ ہو چکے ہیں زیر استعمال کمبل، کپڑے بھی برساتی پانی میں بہہ گئے مال مویشی ہمارے مر گئے ہیں ہم بے سروسامانی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہے ضلع چاغی ایک زرعی علاقہ ہے زمینداروں کے تمام فصلات کو برساتی پانی بہہ کر لے گیا کروڑوں روپے کے ٹیوب ویل سولر کٹ، پانی میں بہہ گئے گندم، پیاز، زیرہ کے تیار فصلیں تباہ ہو چکی ہے

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 17 APR 2024 Page No. 21

## تحریک تحفظ آئین وقت کی ضرورت اور عوام کی امنگوں کے عین مطابق ہے

بی این پی

بارش اور جلسہ گاہ میں سیلابی پانی بھرنے کے باوجود عوام کی شرکت نے ثابت کیا کہ جعلی اور فراڈ حکومت قابل قبول نہیں

ملک میں بنیادی دو سوال، ایک قومی تضاد کا اور دوسرا جمہوری کا سوال ہے، ان کے حل تک بحران حل نہیں ہونگے، غلام نبی مری

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سنٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر وضلعی صدر کوئٹہ غلام نبی مری نے اپنے ایک بیان میں "تحریک تحفظ آئین کے قیام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ تحریک وقت کی ضرورت اور اس ملک کے عوام کی خواہشات اور .........

بقیہ 74 صفحہ نمبر 7 پر

امنگوں کے عین مطابق ہے۔ تحریک کے قیام کے بعد پشین میں پہلے عظیم الشان جلسہ میں شدید بارش اور جلسہ گاہ میں سیلابی پانی کے بھرنے کے باوجود عوام کی کثیر تعداد کی شرکت نے ثابت کر دیا کہ عوام فارم 47 کے تحت بننے والی جعلی اور فراڈ حکومت قابل قبول نہیں ہے۔ ایوان میں بیٹھے ہوئے ممبران عوامی رائے سے نہیں بلکہ چور دروازے سے ایوان میں پہنچے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 17 APR 2024 Page No. 22


## مستونگ' لاپتہ افراد کے لواحقین کا قومی شاہراہ پر دھرنا

### انتظامیہ سے مذاکرات ناکام' سیکڑوں گاڑیاں پھنس گئیں' مسافر شدید پریشان

مستونگ (ایجنسیاں) بلوچستان کے علاقے مستونگ میں 4 لاپتہ افراد کے لواحقین کا کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر دھرنا دوسرے روز بھی جاری رہا، سڑک بلاک ہونے سے سیکڑوں گاڑیاں پھنس گئیں' مسافروں کو شدید پریشانی کا سامنا ہے۔ مظاہرین نے کوئٹہ کراچی شاہراہ شمس آباد کراس بلاک کی ہوئی ہے' مسافروں کا کہنا ہے کہ عید کی چھٹیوں کی وجہ سے ہوٹل بھی بند ہیں، کھانے پینے کی اشیا کیلئے پریشان ہیں۔ دوسری جانب مظاہرین کے انتظامیہ سے مذاکرات ناکام ہو گئے، مظاہرین نے لاپتہ افراد کے منظر عام پر آجانے تک دھرنا جاری رکھنے کا اعلان کیا ہے۔

## ہرنائی: ٹرک پر فائرنگ

### ڈرائیور ہلاک، دو حملہ آور گرفتار

ہرنائی (نامہ نگار) ہرنائی سنجاوی روڈ ٹرک پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک ڈرائیور جاں بحق جبکہ دوسرا زخمی ہو گیا، اطلاع ملتے ہی سنجاوی لیویز فورس نے موقع پر پہنچ کر فائرنگ کے تبادلے کے بعد دو حملہ آور گرفتار کر لئے، عینی شاہدین کے مطابق فائرنگ کرنے والے حملہ آوروں کی تعداد چار تھی، دو فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے، جاں بحق اور زخمی ڈرائیور کا تعلق ہرنائی شاہرگ سے ہے۔ قتل کی وجہ پرانی دشمنی بتائی گئی ہے۔ مزید تفتیش سنجاوی لیویز کر رہی ہے۔

## پنجگور میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق خاتون زخمی

پنجگور (نامہ نگار) پنجگور شہر سے 30 کلومیٹر دور کوچہ چکل میں فائرنگ کے نتیجے میں عابد ولد صدیق نامی شخص جاں بحق جبکہ خاتون زخمی ہو گئی خاتون کو طبی امداد کے بعد مزید علاج کیلئے کراچی منتقل کر دیا گیا ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## بلوچستان، فائرنگ و حادثات میں 3 افراد جاں بحق، خاتون سمیت 2 زخمی

### لورالائی ٹریفک حادثہ ایک شخص زخمی، پنجگور میں فائرنگ سے 1 شخص ہلاک، خاتون زخمی

### سنجاوی ٹرکوں پر فائرنگ سے 1 ڈرائیور جاں بحق، لیویز کیساتھ فائرنگ 2 حملہ آوروں گرفتار

کوئٹہ + اندرون بلوچستان (سٹی رپورٹر + نیوز ایجنسیاں) بلوچستان کے مختلف علاقوں میں فائرنگ اور حادثات کے نتیجے میں 3 افراد جاں بحق، خاتون سمیت 2 زخمی ہو گئے تفصیلات کے مطابق لورالائی ڈیرہ روڈ دوسڑکہ کے مقام پر موٹر سائیکل...... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

اور کار میں تصادم کے نتیجہ میں موٹر سائیکل سوار محمد طاہر ولد موسیٰ گل قوم حمزہ زئی ساکن نالی اعظم مینٹر شدید زخمی ہو گیا ہو گیا پنجگور شہر سے 30 کلومیٹر دور کوچہ چکل میں فائرنگ کے نتیجے میں عابد ولد صابق نامی شخص ہلاک ہو گیا ہے اور ایک خاتون بھی گولیاں لگنے سے زخمی ہو گئی سنجاوی میں ہرنائی شاہراہ پر نامعلوم ملزمان نے ٹرکوں پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں ایک ڈرائیور جاں بحق ہو گیا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی لیویز انتظامیہ نے ملزمان کا تعاقب کیا اور فائرنگ کے تبادلے کے بعد 2 حملہ آوروں کو گرفتار کر لیا ضلعی انتظامیہ کے مطابق حملے میں 4 حملہ آور ملوث تھے ہرنائی شاہرگ ڈیم میں 13 سالہ لڑکا ڈوب کر جاں بحق ہو گیا نعشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا نعشیں ضروری کاروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئیں۔

## نوشکی ٹارگٹ کلنگ میں جاں بحق افراد کی تعداد 12 ہو گئی

### شدید زخمی نوجوان زخموں کے تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا

نوشکی (آن لائن) نوشکی آر سی ڈی شاہراہ پر مسلح افراد کی کارروائی کے دوران شدید زخمی نوجوان زخموں کے تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا جاں بحق افراد کی تعداد...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

12 ہو گئی عید کے تیسرے روز نوشکی شہر کے قریبی پہاڑوں میں مسلح افراد کی ایک کارروائی کے دوران فائرنگ کے نتیجے میں شدید زخمی فرزاد احمد جو کوئٹہ کے ایک ہسپتال میں زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا تھا منگل کے روز زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا نوشکی واقعہ میں جاں بحق افراد کی تعداد بارہ ہو گئی جن میں 9 افراد کا تعلق پنجاب اور 3 کا تعلق نوشکی سے ہے۔

INTEKHAB QUETTA

## خاران: مسلح افراد کی سرکاری اہلکار بن کر چوری کی واردات

خاران (یو این اے) جنگل روڈ کلان نزد مولوی محمد جان مسجد ایریا میں حافظ امان اللہ قوم سہر کے گھر میں مسلح افراد نے گھس کر چوری کی واردات کیلئے متاثرہ گھر کے افراد نے کہا کہ چار مسلحہ افراد نے ہمارے گھر میں گھس کر ہمیں نیند سے جگایا اور کہا کہ ہم سرکار کے لوگ ہیں آپ نے اپنے گھر میں اسلحہ رکھا ہے۔ اور کچھ لوگوں کے نام لے رہے تھے کہ آپ نے ان کو اپنے گھر میں رکھا ہے ہم ان کو ڈھونڈ رہے ہیں۔ یہ کہتے ہوئے مسلحہ افراد نے عورتوں کو بقیہ نمبر 1 صفحہ 5 پر

بقیہ نمبر 1 صفحہ 5 پر

ایک گھر میں رکھا اور ہم دو بندوں کو زبردستی گھر کے سامنے کھڑا کیا اور خود دو مسلحہ افراد جن میں ایک کے پاس کلاشنکوف اور ایک کے پاس ایک پستول تھا ہمارے ساتھ کھڑے ہوئے۔ دو لوگ گھر دوسرے گھروں کے اندر جا کر صندوق اور الماری اور شوکیس کھول کر نقدی اور عورتوں کے زیورات سمیت دیگر سامان لے کر فرار ہو گئے

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 17 APR 2024 Page No. 23


## صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں حالیہ بارش کے بعد صفائی کی صورتحال ابتر

بارشیں رکنے کے باوجود سیوریج کی ابتر صورت حال اور صفائی کے نامناسب انتظامات کے باعث مختلف مقامات پر برساتی و نالوں کا گندہ پانی بھی موجود

صفائی ستھرائی کے نام پر سالانہ اربوں روپے کے فنڈز مختص ہونیکے باوجود صفائی ستھرائی اور نکاسی آب کا مسئلہ حل ہونے کے بجائے آئے روز گھمبیر ہوتا جارہا ہے

کوئٹہ ( آن لائن ) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں حالیہ بارش کے بعد صفائی کی ابتر صورتحال کے باعث جگہ جگہ کچرے کے ڈھیروں کے علاوہ بارش اور سیوریج کے پانی نے شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کردیا بارشوں کا سلسلہ تھمنے کے باوجود سیوریج کی ابتر صورت حال اور صفائی کے نامناسب انتظامات کے باعث مختلف سڑکوں ، علاقوں اور مقامات پر نہ صرف برساتی بلکہ نالیوں کا گندہ پانی بھی موجود ہے۔ کچرے اور گندگی کے ڈھیر بھی صفائی کے عملے کے منتظر ہیں محکمہ بلدیات ، میٹروپولیٹن کارپوریشن کی موجودگی کے باوجود اس صورت حال پر شہریوں نے غم وغصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ صفائی ستھرائی کے نام پر سالانہ اربوں روپے کے فنڈز مختص ہونے کے باوجود صفائی ستھرائی اور نکاسی آب کا مسئلہ حل ہونے کی بجائے آئے روز گھمبیر ہوتا جارہا ہے۔ صوبائی حکومت کے باوجود بارش کے بعد تا حال صفائی کی صورتحال کو بہتر نہیں بنایا جاسکا۔

## غوث آباد کے مسائل پر فوری توجہ دی جائے' عوامی حلقے

علاقے میں ہسپتال موجود ہے لیکن نا معلوم وجوہات کی بناء پر بند پڑا ہے

بینظیر ہسپتال کے حوالے سے ہر فورم پر آواز اٹھائی لیکن مایوسی کے سوا کچھ نہ مل سکا

کوئٹہ ( ایریا رپورٹر ) غوث آباد کے سیٹلر لوکل شہریوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے غوث آباد کے تقدیر بدلنے اور اس علاقے میں مختلف اداروں کے قائم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ جہاں پشتون بلوچ پنجابی، اردو زبان، سندھی، براہوی، سمیت دیگر اقوام، مذاہب مسالک کے افراد رہتے ہیں علاقے میں سرکاری سکول۔ سرکاری ٹیوب ویل سمیت دیگر چھوٹی بڑی سہولیات فراہم کی گئی لیکن صحت کے حوالے سے علاقے میں سہولیات کا فقدان ہے علاقے میں جدید سہولیات سے آراستہ ایک بہترین ہسپتال بینظیر بھٹو ہسپتال غوث آباد ہے جسکی بلڈنگ تیار ہے پانی بجلی گیس کی سہولت میسر ہے حتیٰ رنگ روغن تک بھی کام ہوا ہے لیکن ہسپتال نامعلوم وجوہات کی بنا پر بند ہے۔ اس پاس جو پرائیویٹ ہسپتال ہے وہاں دونوں ہاتھوں سے لوٹ مار جاری ہے علاقہ مکینوں نے موجودہ سابقہ حکمرانوں اپوزیشن رہنماؤں۔ سیکرٹری صحت سمیت بینظیر بھٹو ہسپتال غوث آباد کے حوالے سے ہر فورم پر آواز بلند کی لیکن علاقہ مکینوں کو مایوسی کے سوا کچھ نہ مل سکا۔ ہسپتال بند پڑا ہوا چھوٹے سے کمرے میں نوجوانوں نے اپنی مدد آپ کے تحت ایک لائبریری بنائی ہوئی ہے لیکن نشے کے عادی افراد اور کچرہ پھینکنے والے ہسپتال کو اپنا اڈہ بنایا ہوا ہے۔ غوث اباد کے مکینوں۔ تاجروں نے صوبائی۔ وفاقی حکومت۔ اپوزیشن رہنماؤں۔ قبائلی سرکاری سیاسی سماجی مزہبی قوم پرست رہنماؤں۔ پی پی پی رہنما محترم بلاول بھٹو زرداری۔ سے اپیل کی ہے کے بینظیر بھٹو ہسپتال غوث اباد کو علاقہ مکینوں اور دیگر عوام کے لئے فعال کرکے ان کا دیرینہ مطالبہ پورا کریں۔۔ یہ بھی یاد رہے کے ایک مکمل فعال بینظیر بھٹو ہسپتال مری اباد میں بھی ہے جہاں ہزارہ برادی کے افراد نے بہت بہتر انداز سے ہسپتال کی نہ صرف دیکھ بھال کرتے ہیں۔

## چاغی، بارشوں سے گھر کی تباہی دیکھ کر خاتون چل بسی

طوفانی بارش نے چاغی کے متعدد بستے بستے گھروں کو مکمل طور پر تباہ کر رکھ دیا

چاغی ( آن لائن ) گھر کی تباہی دیکھ کر دلبرداشتہ ہوکر خاتون چل بسی تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز تحصیل چاغی کے شے سالار میں مشرف نامی شخص کے گھر کو پانی بہا کر لے گیا گھر کے کمرے منہدم اور تمام جمع پونجی بہہ جانے کے بعد جسکی اہلیہ عمر 28 سال مسمات (لال) بی بی دلبرداشتہ ہوکر بے ہوش ہوگئی بے ہوشی کی حالت میں پرنس فہد ہسپتال لائی گئی مگر وہ جانبر نہ ہوسکی، یاد رہے گزشتہ روز طوفانی بارش نے چاغی کے متعدد بستے بستے گھروں کو مکمل طور پر تباہ کر ........ 

بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

رکھ دیا جس کی وجہ سے لوگ شدید ذہنی اذیت میں مبتلا ہے لوگوں کے مال مویشی، مکان تمام زندگی کے ضروری سامان ختم ہوگئے متاثرین کا مطالبہ ہے حکومت متاثرہ علاقوں کو فوری طور پر ریلیف فراہم کرے لوگ شدید پریشانی سے دوچار ہے۔

## کوئٹہ' مرغی کی قیمت کو پر لگ گئے' 800 روپے فی کلو سے تجاوز

ڈی سی مرغی کی قیمتوں میں خودساختہ اضافے کا نوٹس لیکر مقررہ نرخوں پر فروخت یقینی بنائیں' عوام کا مطالبہ

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں مرغی کی قیمت کو پر لگ گئے 800 روپے فی کلو سے تجاوز کر گئی' تفصیلات کے مطابق کوئٹہ میں مرغی کی قیمت میں یکا یک ہوشربا اضافہ کردیا گیا منگل کو کوئٹہ کی مارکیٹوں میں مرغی فی کلو گوشت 800 سے 830 روپے کے........ 

بقیہ 78 صفحہ نمبر 7 پر

درمیان فروخت' دکانداروں سے وجوہات معلوم کرنے پر کسی بھی قسم کی وجوہات نہیں بتائی گئیں۔ شہریوں نے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ سمیت متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ مرغی کی قیمتوں میں خودساختہ اضافے کا نوٹس لیکر مقررہ نرخوں پر فروخت یقینی بنائیں۔

## اوستہ محمد میں ڈاکو راج قائم' انتظامیہ خاموش تماشائی بنی بیٹھی ہے' عوامی حلقے

موٹر سائیکلیں چھیننے کی وارداتیں' بیوپاریوں سے رقم گھروں' دکانوں سے چوریاں عام ہونے لگیں

اوستہ محمد ( آن لائن ) امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورت حال اوستا محمد انتظامیہ کیلئے سوالیہ نشان بن گیا پولیس کچھ نہیں کر رہی اوستہ محمد میں ڈاکو راج ہے روزانہ تین چار موٹر سائیکلیں چھیننے کی وارداتیں' بیوپاریوں سے رقم گھروں' دکانوں کی چوریاں عام ہونے لگیں.......... 

بقیہ 75 صفحہ نمبر 7 پر

' تفصیلات کے مطابق ضلع اوستہ محمد پولیس انتظامیہ مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے ڈاکو سرعام شہر میں اسلحہ سے لیس گھومتے ہیں اور وارداتیں کرکے باآسانی فرار ہوجانے میں کامیاب ہوجاتے ہیں سٹی تھانہ صدر تھانہ میں روزانہ پانچ یا چھ موٹر سائیکلوں کی ڈکیتی یا چوری کی وارداتیں معمول بن چکی ہیں

CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 5

Dated: 17 APR 2024 Page No. 2-4


## پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ عوام سے زیادتی، سماجی حلقے

### سابقہ اور موجودہ حکومت میں کوئی فرق نہیں، عوام کی مہنگائی کم ہونے کی امیدیں دم توڑ گئیں

### حکمراں ربڑ اسٹیمپ بن گئے، عوام کش اقدامات سے حکومت کیخلاف نفرت میں اضافہ ہوگا

اوستا محمد (نامہ نگار) پیٹرول اور ڈیزل مہنگا کرکے حکومت نے عوام پر ظلم کردیا۔ سابقہ یا موجودہ حکومت میں کوئی فرق نہیں۔ یہ بات ملک بھر میں 16 اپریل سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید اضافے پر سماجی حلقوں کی جانب سے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہی گئی ہے۔ گزشتہ شب رات کی تاریکی میں عوام پر پیٹرول اور ڈیزل بم گرا کر ظلم کی انتہا کردی۔ عوامی ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سابق اور موجودہ حکومت میں کوئی فرق نہیں ہے۔ عوامی حلقوں نے کہا کہ عوام نے موجودہ حکومت سے امیدیں وابستہ کررکھی تھیں کہ وہ مہنگائی کم کریں گے لیکن یہ سب امیدیں پانی میں بہہ گئیں ہیں۔ رات کی تاریکی میں عوام پر پیٹرول ڈیزل بم گرا کر مزید نفرت پیدا کردی۔ عوام کے دل میں حکومت کے لئے نفرت کے کے سوا کچھ بھی نہیں۔ عوامی حلقوں نے کہا کہ سابقہ حکومت اور موجودہ حکومت میں کوئی فرق نہیں ہے۔ اس حکومت کو چلانے والے کوئی اور ہیں کرسیوں پر بیٹھے حکمراں ربڑ اسٹیمپ بن گئے ہیں جہاں چاہتے ہیں انہیں اٹھا کر لگاتے ہیں۔

## صحبت پور پولیس میں گھوسٹ اہلکاروں کی بھرمار

### ہر سپاہی سے 20 ہزار روپے لینے کا انکشاف، وزیر اعلیٰ سے انکوائری کا مطالبہ

صحبت پور (یو این اے) پولیس میں کھاتا نظام رائج ہونے کا انکشاف کیا گیا ہے جس کے تحت ہر سپاہی سے 20 ہزار روپے لینے جبکہ یہ زنجیر آئی جی تک جانے کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ سماجی حلقوں نے وزیر اعلیٰ سے اعلیٰ سطح کی انکوائری کرانے کا مطالبہ کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ایک پولیس ملازم نے نام نہیں بتانے کی شرط پر انکشاف کیا ہے کہ صرف صحبت پور میں مختلف تھانہ جات اور دیگر جس میں پولیس لائن شامل ہے سے سینکڑوں پولیس اہلکار 15 سے 20 ہزار روپے ماہوار ادا کرنے کی وجہ سے کھاتے پر ہیں انکشاف ہوا ہے کہ اس دھندے میں آئی جی بلوچستان تک ملوث ہیں۔ ان لوگوں کو پکڑنے اور ڈیوٹی کرنے کے لئے وزیر اعلیٰ بلوچستان ایک اعلیٰ سطحی ٹیم جس میں پولیس افسران نہیں ہوں چیف سیکریٹری اور حساس اداروں پر مشتمل ٹیم تشکیل دیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 17 APR 2024 Page No. 25


## طوفانی بارشیں

ملک بھر میں طوفانی بارشوں نے بڑے پیمانے پر تباہی مچادی ہے۔ کے پی اور بلوچستان میں 38 افراد جاں بحق، 35 زخمی ہوگئے۔ گندم کی تیار فصلیں سیلاب میں بہہ گئیں۔ دیہی علاقوں کے زمینی رابطے منقطع اور مواصلاتی نظام شدید متاثر ہوا۔ ندی نالے بپھر گئے۔ باغات اجڑ گئے، لینڈ سلائیڈنگ سے کئی شاہراہیں بند، دیواریں، چھتیں گرنے سے 15 گھر مکمل تباہ اور 70 کو جزوی نقصان پہنچا۔ بلوچستان میں ہرنائی کا ملک سے رابطہ کٹ کررہ گیا۔ ضلع چاغی کے متعدد دیہات پانی میں ڈوب گئے۔ لوگ بے یارو مددگار کھلے آسمان تلے پڑے ہیں۔ آزاد کشمیر میں سیاحوں کو غیر ضروری سفر سے اجتناب کرنے کو کہا گیا ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کو متاثرہ علاقوں میں امدادی سامان پہنچانے اور صوبائی حکومتوں کے ساتھ مل کر جامع لائحہ عمل وضع کرنے کی ہدایات دی ہیں۔ پاک فوج کی جانب سے سوات، دیر اور چترال اور دیگر علاقوں میں ریسکیو آپریشن جاری ہے۔ ابھی بارشوں کا سیزن شروع نہیں ہوا۔ ڈیڑھ ماہ بعد مون سون کی بارشوں کا آغاز ہوجائے گا۔ یہ قدرتی عمل صدیوں سے جاری ہے۔ اب موسمیاتی تبدیلیوں کے نتیجے میں سیزن سے ہٹ کر بھی بارشیں ہورہی ہیں اور ہر بار حکومتی اور انتظامی دعوؤں کی قلعی کھل جاتی ہے۔ یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ ان ممکنہ حالات سے بچاؤ کیلئے حکومتوں نے اب تک کیا حکمت عملی اختیار کی ہے؟۔ 18 اپریل سے 21 اپریل تک مزید طوفانی بارشوں، برفباری اور لینڈ سلائیڈنگ کا امکان ہے جس کیلئے ہائی الرٹ تو جاری کردیا گیا ہے لیکن مستقل منصوبہ بندی کا کوئی پلان واضح نہیں۔ پچھلے سیلاب کا پانی نہیں اترتا کہ ایک اور سیلاب آجاتا ہے۔ بارشی پانی کو ذخیرہ کرنے کیلئے مناسب اقدامات نہ ہونے کی وجہ سے جہاں بڑے پیمانے پر تباہی ہوتی ہے وہیں یہ سمندر میں بہہ کر ضائع ہوجاتا ہے۔

**اداریہ پر ایس ایم ایس اور واٹس ایپ رائے دیں 00923004647998**

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 6 Dated: 17 APR 2024 Page No. 26

# سرمایہ کاری: سعودی وفد کا دورہ پاکستان

اعلیٰ سطحی سعودی وفد سرمایہ کاری و معاشی تعاون کے معاملات پر دوطرفہ یقین دہانیوں کو حتمی شکل دینے کے لئے پاکستان پہنچا ہے۔ وفد کا وزیراعظم ہاؤس میں استقبال کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان اور سعودی عرب کے مابین دیرینہ برادرانہ تعلقات کو بے مثال قرار دیا۔ انہوں کہا کہ سعودی عرب نے مشکل وقت میں ہمیشہ پاکستان کا ساتھ دیا۔ سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل کی سربراہی میں ملاقات کے لئے آنے والے وفد کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی وسیع استعداد سے آگاہ کیا گیا اور ساتھ ہی سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کو پاکستان کے دورے کی دعوت کا پیغام دیا گیا۔

سعودی عرب سے سرمایہ کاری کے لیے پاکستان کی کوششوں کے ایک حصے کے طور پر وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان السعود کی قیادت میں آنے والیوفد میں اہم وزراء اور اعلیٰ حکام شامل ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف کے حالیہ دورہ سعودی عرب میں معاشی تعاون کے امور پر ہونے والی بات چیت کو عملی صورت دینے کے لئے وفد متعدد اہم شخصیات سے ملاقاتیں کرے گا۔ سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے اپنی کابینہ کے سینئر وزراء کو ہدایت کی کہ وہ فوری طور پر اسلام آباد کا دورہ کریں تاکہ سرمایہ کاری کے ممکنہ شعبوں کی نشاندہی کیجا سکے۔ معاشی مسائل کا شکار پاکستان اس دورے کو انتہائی اہمیت دے رہا ہے۔ دفتر خارجہ کے ریڈ آؤٹ میں بتایا گیا ہے کہ سعودی وفد کے اس دورے کا مقصد دوطرفہ تعاون کو بڑھانے اور باہمی طور پر فائدہ مند اقتصادی شراکت داری کے لیے مثبت تحریک دینا ہے۔" اس میں مزید بتایا گیا کہ یہ دورہ بنیادی طور پر وزیراعظم محمد شہباز شریف اور ولی عہد شہزادہ اور وزیراعظم محمد بن سلمان کے درمیان مکہ مکرمہ میں ہونے والی ان کی حالیہ ملاقات کے دوران دو طرفہ اقتصادی تعاون کو بڑھانے کے لیے طے پانے والے مفاہمت پر عمل کو تیز کرنے کے لیے کیا گیا۔

اپنے قیام کے دوران سعودی وفد کی صدر، وزیراعظم، وزیر خارجہ اور متعلقہ وزراء کے علاوہ آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر اور خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (SIFC) کی اعلیٰ کمیٹی سے ملاقاتیں متوقع ہیں۔ اس دورے سے دوطرفہ تعاون کو نمایاں فروغ دینے اور دونوں ممالک کے درمیان باہمی فائدہ مند اقتصادی شراکت داری کو فروغ دینے کی امید ہے۔ پاکستان SIFC کے بینر تلے سعودی عرب سے اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری آنیکی امید کر رہا ہے۔ پاکستان اربوں ڈالر کے ریکوڈک منصوبوں میں سعودی سرمایہ کاروں کو حصص کی پیشکش کر رہا ہے۔ اسی طرح سپیشل انوسٹمنٹ سہولت کونسل سعودیوں کے لیے زرعی شعبے میں سرمایہ کاری کی خواہاں ہے۔ بتایا جا رہا ہے کہ سعودی وفد سرمایہ کاری کے ممکنہ شعبوں پر تفصیلی پیشکشیں وصول کرے گا۔ اگر پاکستان اپنی بیرونی ذمہ داریوں کو پورا کرنا چاہتا ہے اور بیل آؤٹ کے لیے بار بار بین الاقوامی مالیاتی اداروں کا رخ کرنے سے گریز کرنا چاہتا ہے تو اسے اربوں ڈالر کے انجیکشن کی ضرورت ہے۔ پاکستان کی خواہش ہے کہ زرمبادلہ ذخائر کو بڑھانے اور اقتصادی ترقی کو تیز کرنے کے لیے سرمایہ کاری کے جلد شروع ہونے کا خواہاں ہے۔ سعودی عرب پاکستان کے لیے پیٹرولیم فراہمی کا سب سے بڑا ذریعہ ہے۔ سعودی عرب پاکستان کو وسیع پیمانے پر مالی امداد بھی فراہم کرتا ہے۔ سعودی عرب میں پاکستانی تارکین وطن کی جانب سے ترسیلات زر پاکستان کے لیے زرمبادلہ حاصل کرنے کا ایک بڑا ذریعہ ہے۔ حالیہ برسوں میں دونوں ممالک نے اعلیٰ سطحی وفود کا تبادلہ کیا ہے۔ تجارت، تعلیم، رئیل اسٹیٹ، سیاحت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، مواصلات اور زراعت میں دوطرفہ تعاون کو بڑھانے کے منصوبے تیار کیے جا رہے ہیں۔ سعودی عرب اور پاکستان کئی شعبوں مین ایک دوسرے سے تعاون کر رہے ہیں۔ خطے میں رونما تبدیلیوں اور بعض قوتوں کی مداخلت کے باوجود یہ تعلقات قابل رشک ہیں۔ سعودی عرب خلیج تعاون کونسل کے ذریعے پاکستان کے ساتھ تجارتی تعلقات کی ترقی میں مدد کر رہا ہے، جس کے ساتھ پاکستان آزاد تجارتی معاہدے پر بات چیت کر رہا ہے۔ 2006 میں پاکستان اور جی سی سی کے رکن ممالک کے درمیان تجارت کا حجم 11 بلین امریکی ڈالر تھا۔ مالی تعاون میں 3 بلین ڈالر کی امداد اور قرضے شامل ہیں جن میں سے 1.5 بلین ڈالر پاکستان کے مرکزی بینک میں جمع کیے گئے تھے۔ پاکستان کی درخواست پر سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات اپنے ڈالر ذخائر کو پاکستانی اکاؤنٹ میں رکھنے کی مدت میں کئی بار توسیع دے چکے ہیں۔ پاکستان کا موجودہ معاشی اور سکیورٹی بحران غیر ملکی سرمایہ کاروں کو سرمایہ کاری سے روکتا ہے۔ پالیسیوں میں وقفے وقفے سے ہونے والی تبدیلاں سرمایہ کاروں کی بیزاری کا باعث بنی ہیں۔ سعودی عرب پاکستان میں سرمایہ کاری سے متعلق خدشات رہے ہیں تاہم بدعنوانی روکنے اور سرمایہ کاروں کو تعاون فراہم کرنے کے لئے معمول کے سرکاری اداروں پر بھروسہ نہیں کیا گیا۔ سپیشل انوسٹمنٹ فیسلی ٹیشن کونسل کا قیام سعودی فرمائش پر ہی کیا گیا ہے۔ دریں اثنا، بھارت سعودی سرمایہ کاری کے لیے اقتصادی صلاحیت اور اضافی تعاون کے راستے فراہم کرتا ہے، جیسے کہ نئے اعلان کردہ انڈیا-مڈل ایسٹ-یورپ اکنامک کوریڈور (IMEC) کے ذریعے سہولت، حالانکہ یہ پروجیکٹ فی الحال اسرائیل اور غزہ کی پٹی میں دشمنیوں کی وجہ سے رکا ہوا ہے۔ خطے میں بدلتی ہوئے خارجہ پالیسی اور اقتصادی نقطہ نظر کے درمیان سعودی پاک تعلقات میں تاریخی مذہبی و برادرانہ روابط کا برقرار رہنے کا امکان ہے۔ پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات معاشی استحکام پیدا کرنے کے لیے اہم ہیں۔ سعودی وفد کا دورہ پر امید پیدا کرتی ہے کہ ملک کی معاشی بحالی کی کوششیں دوست ممالک کی مدد سے کامیاب ہو سکتی ہیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: Balochistan News

Bullet No. 6

Dated: 17 APR 2024 Page No. 27


## شہری منصوبہ بندی، مزید عدم توجہی افسوسناک ہوگی

آج کے اس جدید دور میں جب دنیا سمٹ کر ایک گلوب بن چکی ہے اس میں دنیا کو کوئی بھی ملک جب کوئی نیا شہر بنانے کی منصوبہ بندی کرتا ہے تو اس کی آبادی، شرح پیدائش، آبادی میں اضافے کی ممکنہ شرح، اموات، پیدائش اور آب وہوا سے لے کر دیگر امور تک ایک ایک چیز کا جائزہ لیتا ہے دنیا کے مختلف ممالک سے موازنہ کرنے کے بعد پلاننگ کی جاتی ہے اور کوئٹہ اس حوالے سے تو خوش قسمت ہے کہ انیس سو پینتیس کے تباہ کن زلزلے کے بعد جب انگریز دور میں اس شہر کو دوبارہ بسانے کی نوبت آئی تو اس وقت یعنی آج سے نوے برس قبل اس وقت کی سرکار نے لندن اور دیگر شہروں کو دیکھ کر اس شہر کی ڈیزائننگ کی مگر کتنے افسوس کا مقام ہے کہ آج ہمارے شہر میں جا بجا مسائل ہیں اور یہ مسائل اس وجہ سے ہے کہ ہم نے شہر کو وسعت تو دی لیکن شہری منصوبہ بندی کو نظر انداز کیا۔ جب سے بلوچستان کو صوبے کا درجہ ملا ہے کوئٹہ شہر کی اہمیت اور اس پر آبادی کے دباؤ میں غیر معمولی اضافے کا سلسلہ شروع ہوا جو ہنوز جاری ہے اس دوران شہر کی تعمیر وتوسیع اور ترقی نیز یہاں کے عوام کو بہتر سے بہتر شہری سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے جو اقدامات اٹھائے جانے چاہئے تھے وہ نہیں اٹھائے گئے جس کی وجہ سے شہر کے چھوٹے چھوٹے مسائل بھی بڑھ کر گھمبیر شکل اختیار کر گئے اب بھی جو صورت احوال ہے وہ کسی بھی صورت اطمینان بخش نہیں کہلائی جاسکتی یوں تو بلوچستان کو صوبے اور کوئٹہ کو صوبائی دارالحکومت کا درجہ ملنے کے بعد سے ہی دیہی علاقوں سے کوئٹہ کی جانب نقل مکانی اور شہر پر آبادی کے دباؤ میں اضافہ ہونے لگا تھا تاہم انیس سو اسی کی دہائی کے بعد سے شہر پر آبادی کے دباؤ میں یکلخت اضافہ ہونے لگا اضافی آبادی کے لئے نئی منصوبہ بندی کی ضرورت تھی جس کے حوالے سے بدقسمتی سے اغماض برتا گیا جس کی وجہ سے آبادی تو دھڑا دھڑ بڑھنے لگی مگر وسائل جوں کے توں ہی رہے سڑکیں وہی رہیں ان کی کشادگی کی اہمیت ہی محسوس نہیں کی گئی، طبی مراکز جو تھے وہی رہے نئے تعلیمی مراکز کی جانب توجہ نہیں دی گئی اور افسوسناک طور پر شہر کی توسیع کا کام بھی لوگ بغیر کسی منصوبہ بندی کے خود ہی کرنے لگے حالانکہ یہ کام حکومتوں کے کرنے کا تھا کہ وہ شہر کی توسیع کرتی سریاب سے دشت اور سملی سے کچلاک تک شہر کو توسیع دینے کی غرض سے وہاں نئی رہائشی سکیمیں شروع کی جاتیں طبی اور تعلیمی مراکز قائم کئے جاتے تفریحی سہولیات کی جانب توجہ دی جاتی اور مواصلات کے نظام کو بہتر بنایا جاتا تو عین ممکن ہے کہ آج کوئٹہ کے نواحی علاقوں میں جو بے ہنگم آبادیاں ہیں ان کی نوعیت کچھ اور ہی ہوتی مگر کیا کیا جاسکتا ہے کہ اس جانب خاطر خواہ توجہ نہیں دی گئی جس کی وجہ سے مسائل جنم لینے لگے اور ان میں وقت گزرنے کے ساتھ اضافہ ہونے لگا یہ مسائل مختلف نوعیت کے ہیں اور کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں ان کی نوعیت اور ہیئت بھی مختلف ہے مثال کے طور پر شہر کے وسطی علاقوں میں نکاسی آب اور ٹریفک جام کا مسئلہ گزشتہ چند برسوں سے سر اٹھا کر کھڑا ہو گیا ہے جبکہ نواحی علاقوں میں سٹریٹ لائٹس کی تنصیب، پکی اور خلاف قانون تعمیر ہونے والی آبادیاں ایک اور مسئلے کی نشاندہی کرتی ہیں اسی طرح شہر کے وسطی علاقوں میں اگر فٹ پاتھوں پر تجاوزات قائم کئے گئے ہیں تو شہر کے مشرقی اور مغربی اطراف میں بارانی نالوں پر کچی آبادیاں قائم کی گئی ہیں جس کی وجہ سے ہر وقت یہ خدشہ موجود رہتا ہے کہ کہیں تھوڑا سا سیلابی پانی بھی ان علاقوں کی جانب آیا تو بہت زیادہ تباہی مچا سکتا ہے مشرقی بائی پاس، شالدرہ، مغربی بائی پاس، ہزارہ ٹاؤن کے ارد گرد کی آبادیاں اس کی بین مثال ہیں جو پہاڑ کے دامن ہیں پہاڑ سے نشیب کی طرف جو سیلابی پانی آتا ہے ان کے لئے مخصوص جگہوں پر آبادیاں قائم ہو چکی ہیں اسی طرح شہر میں پینے کے صاف پانی کی قلت تقریباً ہر جگہ یکساں ہے کیا شہر کا وسطی علاقہ اور کیا شہر کا نواحی علاقہ ہر جگہ لوگ پانی پانی کی صدائیں لگا رہے ہیں جبکہ اور اہم مسئلہ جو پورے شہر میں تقریباً یکساں ہے وہ صفائی ستھرائی کا ہے شہر میں روزانہ کی بنیاد پر جو کچرا پیدا ہوتا ہے افسوس ہی کیا جاسکتا ہے کہ آج اکیسویں صدی کے اس جدید دور میں بھی ہمارے پاس اتنے وسائل نہیں کہ سارے کے سارے کچرے کو اٹھا کر ٹھکانے لگا سکیں نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ شہر سے روزانہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کا عملہ جو کچرہ اٹھا کر تلف کرنے کے لئے لیجاتا ہے اس کا کوئی فائدہ نظر نہیں آتا ہر جگہ ہر علاقے میں کوڑے کرکٹ کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں ایک اور اہم مسئلہ شہر میں ٹریفک کے بے ہنگم نظام کا بھی ہے یہ امر انتہائی افسوسناک ہے کہ کوئٹہ صوبائی دارالحکومت اور بلوچستان کا مرکزی شہر ہونے کے باوجود اس وقت بھی ٹریفک کے جدید نظام سے محروم ہے شہر میں ٹریفک سگنلز نصب نہیں کئے جارہے اور ٹریفک عملے کی بھی کمی ہے شہر میں موثر ٹریفک پلان تک نہیں اور بس بے ہنگم ٹریفک ہے جو چلتی ہے تو چلتی رہتی ہے رکتی ہے تو پھر ہلنے کا نام ہی نہیں لیتی شہر میں نئے فلائی اوور اور انڈر پاسز تعمیر نہیں کئے جارہے شاہراہوں کی توسیع اس طرح سے نہیں کی جارہی جس طرح ہونی چاہئے تھی شہر میں رکشوں کی بہتات، لوکل بس اڈے منقسم اور شہر کے وسطی و گنجان آبادی والے علاقوں میں موٹر شورومز، ڈیری فارمز اور گیراج لگے ہوئے ہیں حالانکہ موٹر شورومز ہوں یا پھر گیراجز اور ڈیری فارمز ان کے لئے کیوڈی اے کو چاہئے کہ شہر سے باہر جگہ مختص کر کے انہیں پہلی فرصت میں شہر سے باہر منتقل کیا جائے یہ وہ چیدہ چیدہ مسائل ہیں جو ایک عرصے سے کوئٹہ میں موجود چلے آرہے ہیں ان مسائل کے حل کے لئے سابقہ حکومتوں نے وقت کی ضرورتوں سے ہم آہنگ اقدامات نہیں اٹھائے اب موجودہ حکومت کو چاہئے کہ وہ اس حوالے اقدامات کرے اور مزید کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کیا جائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 17 APR 2024 Page No. 28

# Reko Diq & future of Balochistan

Looking beyond this immediate crisis, there are positive developments that offer a glimmer of hope. The potential Saudi investment of $1 billion in the Reko Diq Copper Gold project in Chagai district is a welcome sign. This investment has the potential to create jobs, boost the local economy, and foster much-needed development in Balochistan. For this investment to truly succeed, it is crucial to address the underlying grievances of the Baloch people. A sense of ownership and transparency in the project is essential. The Balochistan government must ensure that the benefits of this investment are shared equitably with the local communities. The recent meeting between Prime Minister Shehbaz Sharif and Saudi Crown Prince Mohammad bin Salman also offers a promising step forward. Their commitment to strengthening trade and investment ties between the two nations can pave the way for further economic cooperation, benefiting both Pakistan and Saudi Arabia. Saudi Arabia is set to inject a hefty $1 billion into the Reko Diq Copper-Gold Project nestled in the scenic Chagai District of Balochistan Province, Pakistan.

The path to lasting peace and prosperity in Balochistan requires a multi-pronged approach. Firstly, there must be an unwavering commitment to the rule of law. Those who commit violence must be held accountable, regardless of their background. Secondly, there is a need for genuine dialogue between the Baloch people and the federal government. Baloch grievances must be addressed in a meaningful way. This includes ensuring equitable distribution of resources and addressing concerns about political marginalization. Economic development projects like the Reko Diq investment must be implemented with the full cooperation and consent of the Baloch people. Only then can these

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6 Dated: 17 APR 2024 Page No. 30

# Power crisis

After more than two decades of severe electricity load- shedding, power generation has largely relied on expensive sources instead of cheap hydel power.

The wage-earners and the country's industries cannot bear the burden of power crisis and long-hours of load-shedding. Some districts of Balochistan, especially the future economic hub of Gwadar, are still deprived of getting the required amount of electricity from the national grid and 150 MW of electricity is being supplied to Gwadar, Panjgur and Turbat districts from neighbouring country Iran. Iran has vast potential to generate electricity due to its vast oil and gas reserves and has repeatedly offered assistance to Pakistan in fulfilling its needs. Balochistan is the largest province in the country in terms of area with huge potential for cheap power generation at the local level. Whether it is oil and gas or electricity, the productive capacity of all of them is present in the country.

It is important that energy issues be addressed permanently, using all available resources, rather than temporary arrangements. Scattered population in Balochistan particularly is a major hurdle behind provision of electricity to Balochistan but at the same time the federal government always paid little focus towards Balochistan which can be evident from the fact that the Makran division is still not connected with the national grid. It is more than surprising to imagine that Balochistan has only 36 percent electricity facility in 2022, as the rest of the 64 percent is in the dark. The electricity given to 36 percent of the area is also not upto the mark and long hours of load-shedding further increase the problems of masses.

In remote areas, only six to eight hours of electricity is supplied to the domestic and agriculture tube-wells. To develop Balochistan and remove the sense of deprivation it is inevitable that the federal government must ensure maximum provision of electricity to Balochistan and stop any discrimination towards it in any sector. Balochistan has great potential to generate electricity from other sources such as solar and wind but unfortunately the provincial and federal governments are not focusing on this direction.

The federal and provincial governments must implement the project of converting agri-tube wells into solar as soon as possible. Hopefully, the federal government will take concrete steps to address power issues throughout the country including that of Balochistan and its Makran division which is epicenter of China Pakistan Economic Corridor.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 17 APR 2024 Page No. 31

# Saudi delegation visits Pakistan

A high-level Saudi delegation has arrived in Pakistan to finalize bilateral assurances on investment and economic cooperation. Welcoming the delegation at the Prime Minister's House, Prime Minister Shehbaz Sharif praised the long-standing brotherly relations between Pakistan and Saudi Arabia. He said that Saudi Arabia has always supported Pakistan in difficult times.

The delegation headed by Saudi Foreign Minister Prince Faisal bin Farhan Al-Saud was informed about the wide potential of investment in Pakistan. Saudi Crown Prince Muhammad bin Salman was also extended invitation to visit Pakistan. As part of Pakistan's efforts to attract investment from Saudi Arabia, the delegation led by Foreign Minister Prince Faisal bin Farhan Al Saud includes key ministers and senior officials. Prime Minister Shehbaz Sharif's recent visit to Saudi Arabia to implement the discussions on economic cooperation issues, the delegation will meet with several important figures. Saudi Crown Prince Mohammed bin Salman instructed the senior ministers of his cabinet to visit Islamabad to identify possible areas of investment. Pakistan, which is suffering from serious economic problems, is giving great importance to this visit. The aim of this visit is to enhance bilateral cooperation and give positive impetus for mutually beneficial economic partnership. During their stay, the Saudi delegation is expected to meet with the President, Prime Minister, Foreign Minister and relevant ministers, besides Army Chief General Syed Asim Munir and the High Committee of the Special Investment Facilitation Council (SIFC). Pakistan is hoping to get billions of dollars of investment from Saudi Arabia under the banner of SIFC. Pakistan is offering stakes to Saudi investors in multi-billion dollar Reko Diq projects. Similarly, the Special Investment Facilitation Council is looking for Saudis to invest in the agricultural sector. It is being told that the Saudi delegation will receive detailed proposals on possible areas of investment. It needs to inject billions of dollars if it wants to avoid frequent recourse to international financial institutions. Pakistan wants to increase foreign exchange reserves and invest to accelerate economic growth. Saudi Arabia is the largest source of petroleum supply to Pakistan. Saudi Arabia also provides extensive financial assistance to Pakistan. Remittances from Pakistani expatriates in Saudi Arabia are a major source of foreign exchange for Pakistan. In recent years, the two countries have exchanged high-level delegations. Plans are being drawn up to increase bilateral cooperation in trade, education, real estate, tourism, information technology, communications and agriculture. Despite the changes taking place in the region and the intervention of certain forces, these relations are enviable. Saudi Arabia is helping to develop trade relations with Pakistan through the Gulf Cooperation Council, with which Pakistan is negotiating a free trade agreement. In 2006, the trade volume between Pakistan and GCC member countries was US$ 11 billion. The financial cooperation includes $3 billion in aid and loans, of which $1.5 billion was deposited in the Central Bank of Pakistan. At the request of Pakistan, Saudi Arabia and the United Arab Emirates kept their dollar reserves in Pakistani accounts for several periods. The visit of the Saudi FM-led delegation has raised hopes that Pakistan's economic recovery efforts can be successful.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 6 Dated: 17 APR 2024 Page No. 32


# ریکوڈک اور سانحہ نوشکی


امکان

سعدیہ قریشی

sadiaqureshi3@gmail.com




ریکوڈک بلوچستان کے ضلع چاغی میں ایک مقام ہے جسے مقامی زبان میں رکوڈک کہا جاتا ہے جس کا مطلب ریت کی چوٹی ہے۔ہم خوش قسمت ہیں کہ ریت کی چوٹی کے نیچے قدرت نے سونے اور تانبے کے بیش قیمت خزانے چھپا رکھے۔کئی برس سے یہی ہوتا ہے کہ ریکوڈک منصوبے کا شور اٹھتا ہے،اس سے وابستہ روشن مستقبل کے امکانات پر خبریں آنے لگتی ہیں،کچھ ہلچل اور سرگرمی ہوتی ہے۔اس کے بعد پھر خاموشی کا ایک طویل وقفہ آتا ہے پھر ہمارے ہاں راوی بس چین ہی چین لکھنے لگتا ہے۔

اس چین کا دوسرا نام آپ جہالت اور پسماندگی بھی رکھ سکتے ہیں۔کیونکہ ہم کان کنی کی جدید ٹیکنالوجی سے بے بہرہ لوگ ہیں جو اپنے گھر میں موجود سنگلاخ چٹانوں کے نیچے پڑے خزانوں کو تلاش کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے۔اس کے لیے ہمیں دوسروں کی طرف دیکھنا پڑتا ہے۔

یہ تو بھلا ہو بیرون ملک کی ہائی پروفائل مائننگ کمپنیوں کا جو غریب ملکوں کے ذخائر اور وسائل پر گہری نظر رکھتی ہیں ورنہ ہم جیسے تو کبھی جان بھی نہ پاتے کہ ہمارے پاس یہ خزانے موجود ہیں۔

ریکوڈک کے خزانے کا پتہ چلانے میں پاکستانی حکومتوں کا کوئی کردار نہیں ہے۔ اس پر تمام کام مائننگ کرنے والی عالمی کمپنیوں نے کیا ہے۔

اس وقت یہ منصوبہ کینیڈا سے تعلق رکھنے والی دنیا کی امیر ترین مائننگ کمپنی بیرک گولڈ کے پاس ہے جو اس منصوبے پر دس ارب ڈالرز کی سرمایہ کاری کرے گی۔

چاغی کے پہاڑوں میں قیمتی ترین ذخائر کی نشاندہی کم وبیش 30 سال پیشتر ہوئی تھی، یہ 1993 کا سن تھا۔نشاندہی کرنے والے بھی ہم خود تھوڑی تھے دنیا کی بڑی بڑی مائننگ کمپنیوں نے یہاں پہ سروے کیے اور پھر ہمیں بتایا کہ قرضے میں پھنسے ہوئے غربت زدہ لوگو، جہالت کے مارے ہوئے پاکستانیو تمہارے اپنے گھر میں قیمتی ذخائر موجود ہیں۔

ستم ظریفی تو یہ ہے کہ دنیا کے مہنگے ترین ذخائر بلوچستان کے سرزمین پر موجود ہیں جو طرح طرح کی محرومیوں ، انتظامی کوتاہیوں اور طاقتوروں کی کرپشن کا ایک ایسا خوفناک امتزاج بن چکا ہے کہ اس کے دیرینہ مسائل کے حل کوئی سرا ہاتھ نہیں آ رہا۔اس سے بھی بڑی ستم ظریفی یہ ہے کہ ریکوڈک میں مہنگے ترین ذخائر چاغی کے علاقے میں موجود ہیں جہاں پر شرح خواندگی صرف 29 فیصد ہے۔یہاں بے روزگاری،غربت اور جہالت اپنی بدترین شکل میں موجود ہے۔

بلوچستان کے سرزمین اپنی سٹریٹجک پوزیشن کی وجہ سے بدامنی اور دہشت گردی کی لپیٹ میں رہتی ہے۔بیرونی قوتیں یہاں اپنے مفاد کے لیے بدامنی کو فروغ دیتی ہیں۔بے روزگار، ناخواندہ اور محروم طبقے کو بیرونی قوتیں آسانی سے اپنے سہولت کار کے طور پر استعمال کرتی ہیں۔بیرونی قوتیں جو بلوچستان میں امن نہیں دیکھنا چاہتیں وہ کہاں چاہیں گی کہ ریکوڈک منصوبہ پایہ تکمیل کو پہنچے۔آئے روز یہاں دہشتگردی کے واقعات ہوتے رہتے ہیں۔لاقانونیت اور بدامنی کی ایک فضا بنائی جاتی ہے تاکہ سرمایہ کاری کرنے والی غیر ملکی کمپنیوں اور ان کے انجنیئرز اور ہنرمندوں کو خوف زدہ کیا جائے۔

2022 میں ریکوڈک منصوبے پر کام کرنے والی کینیڈین کمپنی بیرک گولڈ کے سی او وزیراعلی ہاؤس بلوچستان میں آئے جہاں ان کی وزیراعلی بلوچستان کے ساتھ ساتھ مقامی سرداروں سے ملاقات تھی، بعدازاں رکوڈک منصوبے کے حوالے سے اہم پریس کانفرنس تھی۔اس موقع پر بیرک گولڈ کے سی ای او کو غیر معمولی سکیورٹی اور ایسا ہائی پروفائل پروٹوکول دیا گیا جو وہاں کے عینی شاہد صحافیوں کے مطابق صدر اور وزیراعظم کو بھی نہیں دیا جاتا۔

وزیراعلی ہاؤس کا سارا انتظام فوج نے سنبھال لیا تھا اور اس روز وہاں کے بیشتر اہلکاروں کی چھٹی کردی گئی تھی۔

بلوچستان میں دہشت گردی کے کالے بادل منڈلاتے رہتے ہیں۔حال ہی میں نوشکی ہائی وے پر پنجاب کے نو مزدوروں کو صرف اس بنا پر موت کے گھاٹ اتار دیا گیا کہ ان کے شناختی کارڈ پر پنجاب کا پتہ درج تھا۔

پنجاب سے مزدوری کے لیے جانے والے مزدوروں کے قتل کا یہ واقعہ نیا نہیں۔غریب گھروں کے نوجوانوں کو بلوچ علیحدگی پسند تحریک کے دہشت گرد جس دیدہ دلیری سے موت کے گھاٹ اتارتے ہیں وہ بہت افسوسناک ہے۔سانحہ نوشکی کی ذمہ داری بھی بی ایل اے نے قبول کی ہے۔اس کے بعد ایسے سانحات چند دن خبروں میں رہتے ہیں پھر فراموش کر دیے جاتے ہیں۔جن غریب گھرانوں کے نوجوان لڑکوں کو اپنے ہی ملک میں صرف اس لیے مار دیا جائے کہ وہ دوسرے صوبے سے تعلق رکھتے ہیں انہیں انصاف دلانے کے لیے کہیں سے کوئی توانا آواز نہیں اٹھتی۔

اب 2024 میں ایک دفعہ پھر ریکوڈک منصوبے کے حوالے سے سرگرمیاں اور خبریں سامنے آرہی ہیں۔

ان حالات میں جبکہ دنیا کی سب سے بڑی مائننگ کی کمپنی بلوچستان میں انویسٹمنٹ کرنا چاہ رہی ہے اور ایک مہنگا ترین پروجیکٹ لانچ ہونے جا رہا ہے تو سانحہ نوشکی پیش آیا۔

بلوچستان میں کچھ ایسے عناصر بھی کام کر رہے ہیں جو غلط فہمیاں پھیلاتے ہیں کہ بیرون ملک کی مائننگ کمپنیاں آکر بلوچستان کے وسائل پر قابض ہو رہی ہیں حالانکہ ایسا نہیں ہے۔

مقامی کمیونٹی کے سرداروں اور اہم اہل اختیار کے ساتھ بھی بیرک گولڈ کمپنی اہلکاروں کی ملاقاتیں ہوئی ہیں جس میں ان کے تحفظات دور کرنے کی بھرپور کوشش کی گئی ہے۔ایک دفعہ پھر ریکوڈک منصوبہ خبروں میں ہے۔مئی میں سعودی عرب کے ولی عہد پاکستان آرہے ہیں۔کئی دوسرے منصوبوں کے ساتھ ساتھ ریکوڈک ایک مہنگی سرمایہ کاری کرنے کی خواہش مند ہے۔

ریکوڈک منصوبے میں دنیا کے کئی ملکوں کی دلچسپی ہے۔سعودی عرب اس منصوبے کے شیئرز خریدنے میں دلچسپی رکھتا ہے۔ہماری حالت بہت افسوسناک ہے۔کئی دہائیوں سے ہم آئی ایم ایف سے قرضے لے کر اپنے بنیادی معاملات چلاتے ہیں،قرضے ہمارے پیروں میں زنجیریں ڈال چکے ہیں۔

بدبختی کی انتہا ہے کہ نہ یہاں تحقیق ہے نہ ٹیکنالوجی کہ ہم اپنے پاس موجود خزانے کو استعمال میں لاسکیں۔

دنیا ہماری جہالت اور بدبختی کو حیرت سے دیکھتی ہے اور ہمیں بتاتی ہے کہ اگر ان ذخائر کا استعمال صحیح معنوں میں کرلیا گیا تو پاکستان کے معاشی مسائل حل ہو سکتے ہیں۔بلوچستان کی محرومیاں دور ہو سکتی ہیں،کاش کہ یہ خواب شرمندہ تعبیر ہو۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No.

Dated: 17 APR 2024 Page No.





کوئٹہ: ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند محکمہ تعلقات عامہ کے دورے پر انفارمیشن سیل کا معائنہ کر رہے
سیکریٹری اطلاعات عمران خان اور ڈی جی پی آر محمد نور کھیتران بھی موجود ہیں

QUDRAT QUETTA



کوئٹہ، ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند محکمہ تعلقات عامہ بلوچستان کے دورے کے موقع پر میڈیا مانیٹرنگ روم کا معائنہ کر رہے ہیں

Baakhabar Quetta



ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند محکمہ تعلقات عامہ بلوچستان کے دورے پر میڈیا مانیٹرنگ روم کا معائنہ کر رہے ہیں، سیکرٹری اطلاعات عمران خان اور ڈی جی پی آر بلوچستان محمد نور کھیتران بھی ہمراہ ہیں

CamScanner




ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند محکمہ تعلقات عامہ بلوچستان کے دورے پر میڈیا مانیٹرنگ روم کا معائنہ کر رہے ہیں، سیکرٹری اطلاعات عمران خان اور ڈی جی پی آر بلوچستان محمد نور کھیتران بھی ہمراہ ہیں

MASHRIQ QUETTA




ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند محکمہ تعلقات عامہ بلوچستان کے دورے پر انفارمیشن سیل کا معائنہ کر رہے ہیں، سیکرٹری اطلاعات عمران کان اور ڈی جی پی آر بلوچستان محمد نور کھیتران بھی ہمراہ ہے

Century Express Quetta



ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند محکمہ تعلقات عامہ بلوچستان کے دورے پر میڈیا مانیٹرنگ روم کا معائنہ کر رہے ہیں، سیکرٹری اطلاعات عمران خان اور ڈی جی پی آر بلوچستان محمد نور کھیتران بھی ہمراہ ہیں

AZADI QUETTA



ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند محکمہ تعلقات عامہ بلوچستان کے دورے پر میڈیا مانیٹرنگ روم کا معائنہ کر رہے ہیں

CamScanner

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.

Dated: 17 APR 2024 Page No.



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سے ممبر پلاننگ کمیشن رفیع اللہ کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان محکمہ صحت میں ضلعی اور ڈویژنل لیول پر اختیارات کی منتقلی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.

Dated: 17 APR 2024 Page No.




نوشکی، آئی جی عبدالخالق شیخ کو ڈی آئی جی رخشان رینج وزیر خان ناصر سانحہ نوشکی کے حوالے سے جائے وقوع پر بریفنگ دے رہے ہیں

CamScanner


# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. ____ Dated: 17 APR 2024 Page No. ____




کوئٹہ : گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے وی سی یونیورسٹی آف گوادر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر ملاقات کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ سے صوبائی سیکرٹری سید فیصل آغا ملاقات کر رہے ہیں



گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ سے سردار قربان جوگیزئی ملاقات کر رہے ہیں



گورنر بلوچستان ملک عبدالولی کاکڑ سے وائس چانسلر یونیورسٹی آف گوادر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر ملاقات کر رہے ہیں

CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No.

Dated: 17 APR 2024

Page No.



UETTA: A delegation of Al-Kidmat Foundation led by Abdul Majeed Sarbazi calls on Governor Balochistan Malik Abdul Wali Kakar on Tu

CamScanner